بسم اللہ الرحمن الرحیم

نمازِ تراویح

20 رکعت یا 8 ۔۔؟

(رشحاتِ قلم)

ابومعاویہ محمد نعمان رضوی

متعلم جامعۃ المدینہ موڑ ایمن آباد



منجانب: اہلِ سنت وجماعت رتالہ گوجر خان
0322-5209049

Scanned by CamScanner

الصلوٰۃ والسلام علیک یارسول اللہ

نمازِ تراویح

20 رکعت یا 8......؟

(رشحاتِ قلم)

ابو معاویہ محمد نعمان رضوی

متعلم جامعۃ المدینہ موڑ ایمن آباد

ساکن رتالہ، گجرخان

(:نظر ثانی:)

استاذ العلماء حضرت علامہ

محمد سجاول عطاری المدنی

مدرس جامعۃ المدینہ موڑ ایمن آباد گوجرانوالہ

منجانب: اہل سنت وجماعت (جب) اسلام پورہ

Scanned by CamScanner

فہرست

For More Books Click On
Ghulam Safdar Muhammadi
Saifi

Scanned by CamScanner

بسم اللہ الرحمٰن الرحیم

پیش لفظ

اہلسنّت وجماعت (کثرھم اللہ تعالیٰ) کا وہابیہ غیر مقلدین سے اصل اختلاف تو عقائد میں ہے تاہم فروعی مسائل میں بھی اختلاف پایا جاتا ہے جن میں سے ایک مسئلہ رکعات تراویح (20یا8؟) بھی ہے۔جس طرح ربیع الاول کی آمد پر اہل ایمان میلاد کا ذکر خیر کرتے ہیں تو منکرین کی طرف سے فتوؤں کی بوچھاڑ ہو جاتی ہے اسی طرح رمضان المبارک کی آمد پر بھی غیر مقلدین مسلکی تعصب کی بناء پر واویلا کرتے نظر آتے ہیں کہ نماز تراویح 20 رکعت نہیں بلکہ 8 رکعت ہیں اور 20 رکعت پڑھنے والوں پر بے جا تشدد کرتے ہیں لہٰذا عوام اہلسنّت کی تفہیم اور غیر مقلدین کے اس برائے نام دعوے کو طشت ازبام کرنے کے لئے یہ مختصر سی تحریر قارئین کی خدمت میں پیش ہے۔

احقر درس نظامی کا مبتدی اور ادنیٰ سا طالبِ علم ہے صاحبانِ علم جہاں مناسب سمجھیں میری اصلاح فرمائیں یہ اصلاح احقر کے لئے باعث تسکینِ دل وجان ہوگی۔

اس مختصر سی تحریر کو ہم دو حصوں پر تقسیم کرتے ہیں، حصہ اول میں اہلسنّت وجماعت (احناف) کا موقف اور بیس رکعات تراویح کے دلائل جبکہ حصہ دوم میں غیر مقلدین بزعم خویش اہل حدیث حضرات کے چند دلائل اور ان کے جوابات سپردِ قلم کئے جائیں گے۔اللہ تعالیٰ اپنا رحم وکرم میرے شامل حال فرمائے۔اور ہم سب کو مسلک حقہ اہلسنّت وجماعت پر استقامت عطا فرمائے۔ آمین۔ بجاہ النبی الامین

دعا گو! ابومعاویہ محمد نعمان رضوی

متعلم جامعۃ المدینہ موڑ ایمن آباد

اہلسنّت وجماعت (احناف) کا مؤقف

اہلسنت وجماعت (احناف) کی مشہور ومعروف درسی کتاب نورالایضاح فصل فی التراویح میں ہے۔"وھی عشرون رکعۃ بعشر تسلیمات"

اور (نمازِ تراویح) یہ بیس رکعتیں ہیں دس سلاموں کے ساتھ۔

(نورالایضاح صفحہ ۱۰۰ فصل فی التراویح کتاب الصلوٰۃ)

فتاویٰ قاضی خان میں ہے:

روی الحسن عن ابی حنیفۃ قال القیام فی شھر رمضان سنۃ لاینبغی ترکھا یصلی لامل کل مسجد فی مسجد ھم کل لیلۃ سوی الوتر عشرین رکعۃ خمس ترویحات بعشر تسلیمات یسلم فی الرکعتین۔

امام حسن نے امام اعظم ابوحنیفہ سے روایت کیا کہ امام اعظم علیہ الرحمہ نے فرمایا:"رمضان میں قیام (نماز تراویح) سنت ہے اور اس کو چھوڑنا نہیں چاہئے ہر مسجد والوں کے لئے ان کی مسجد میں ہر رات میں وتر کے علاوہ بیس رکعات ہیں پانچ ترویحوں دس سلاموں کے ساتھ ہر دو رکعت پر سلام پھیرے۔

مندرجہ بالا عبارت سے اہلسنّت وجماعت (احناف) کا مؤقف بھی واضح ہو گیا اور یہ بھی معلوم ہوا کہ نماز تراویح دو دو رکعت کر پڑھی جائے گی۔

اپنا مؤقف پیش کرنے کے بعد ہم لفظ تراویح کی مختصر سی بحث قارئین کی خدمت میں پیش کرتے ہیں (جس سے اہلسنّت کا مؤقف مزید واضح ہوگا)

لفظ تراویح کی بحث:

امام المحدثین شارح صحیح بخاری امام ابن حجر عسقلانی الشافعی فتح الباری شرح صحیح بخاری میں لفظ تراویح پر بحث کرتے ہوئے فرماتے ہیں:

"التراویح جمع ترویحۃ وھی المرأۃ الواحدۃ من الراحۃ"۔

Scanned by CamScanner

لفظ تراویح جمع ہے ترویحہ کی اور ترویحہ کا معنیٰ ہے ایک مرتبہ آرام کرنا۔

(فتح الباری شرح صحیح البخاری جلد۲ صفحہ۲۰۲، از امام ابن حجر عسقلانی)

امام ابن حجر عسقلانی علیہ الرحمہ کی اس وضاحت سے معلوم ہوا کہ نماز تراویح میں ہر چار رکعت کے بعد جو وقفہ کیا جاتا ہے اسے ترویحہ کرتے ہیں۔ یعنی ہم نماز تراویح کو نماز تراویح اس صورت میں کہہ سکتے ہیں جب کہ اس میں کم از کم تین ترویحے ہوں کیونکہ عربی میں جمع از کم تین پر بولی جاتی ہے جب کہ آٹھ رکعت میں تو ایک (بفرض محال دو) ترویحے آتے ہیں لہٰذا غیر مقلدین کا آٹھ رکعتوں کو تراویح کہنا لغوی واصولی طور پر غلط ہے۔

لفظ تراویح کی اس مختصر اور مفید بحث کے بعد ہم اپنے دلائل کی طرف بڑھتے ہیں جس میں ہم 20 رکعت تراویح کا ثبوت سنت نبوی ﷺ، تعامل صحابہ علیہم الرضوان اور اقوال وافعال تابعین ومحدثین کی روشنی میں پیش کررہے ہیں۔

سنت مصطفےٰ ﷺ 20 رکعت ہیں:

﴿۱﴾......عن ابن عباس ان رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم کان یصلی فی رمضان عشرین رکعۃً۔

حضرت ابن عباس رضی اللہ عنہما (حبر الامۃ) سے روایت ہے کہ بے شک رسول اللہ ﷺ رمضان میں بیس رکعت (تراویح) ادا فرماتے تھے۔

(المعجم الکبیر للطبرانی جلد۱۱ صفحہ۳۹۳، مصنف ابن ابی شیبہ جلد۲ صفحہ۱۶۳، مجمع الزوائد جلد۳ صفحہ۱۷۲، تلخیص الحبیر جلد۲ صفحہ۲۱)

﴿۲﴾......عن جابر بن عبداللہ قال خرج النبی صلی اللہ علیہ وسلم ذات لیلۃ فی رمضان فصلی الناس اربعۃ وعشرین رکعۃ والوتر بثلثۃ۔

(تاریخ جرجان جلد۱ صفحہ۳۱۷)

حضرت جابر بن عبداللہ فرماتے ہیں کہ نبی علیہ السلام رمضان کی ایک رات تشریف لائے اور لوگوں کو چوبیس رکعتیں (20 تراویح، 4 فرض عشاء) پڑھائیں اور تین وتر پڑھائے۔

﴿۳﴾......امام ابن حجر تلخیص الحبیر میں ایک حدیث پاک لائے ہیں: "انہ (صلی اللہ علیہ وسلم) صلی بالناس عشرین رکعۃ لیلتین"۔

بے شک نبی علیہ الصلوٰۃ والسلام نے لوگوں کو دو رات بیس رکعتیں (تراویح) پڑھائیں۔ (تلخیص الحبیر جلد۲ صفحہ۵۳)

20 تراویح تعامل صحابہ کی روشنی میں:

① ......"عن یحیی بن سعید رضی اللہ عنہ ان عمر ابن الخطاب امر رجلاً یصلی بھم عشرین رکعۃً"۔ (مصنف ابن ابی شیبہ جلد۲ صفحہ۱۶۳)

حضرت یحییٰ بن سعید سے روایت ہے کہ بے شک حضرت عمر رضی اللہ عنہ نے ایک شخص کو حکم دیا کہ وہ لوگوں (صحابہ) کو 20 رکعتیں پڑھائے۔

② ......حضرت سائب بن یزید سے روایت ہے فرمایا:

"کنا نقوم فی زمان عمر ابن الخطاب بعشرین رکعۃً"

کہ ہم حضرت عمر رضی اللہ عنہ کے دور میں بیس رکعت (تراویح) اور وتر ادا کرتے تھے۔ (سنن الکبریٰ جلد۲ صفحہ۶۹۸)

③ ......عن یزید بن رومان انہ قال کان الناس یقومون فی زمان عمر ابن الخطاب فی رمضان بثلث وعشرین رکعۃً۔

حضرت امام مالک رحمۃ اللہ علیہ حضرت یزید بن رومان رضی اللہ عنہ سے روایت کرتے

Scanned by CamScanner

ہیں کہ لوگ (صحابہ) امیر المؤمنین حضرت عمر رضی اللہ عنہ کے دور مبارک میں 23 رکعت (وتر) اور بیس رکعت (تراویح) ادا کیا کرتے تھے۔

(مؤطا امام مالک باب ما جاء فی قیام رمضان جلد ا صفحہ ۱۱۰)

④......"عن عبدالعزیز بن رفیع قال کان ابی بن کعب یصلی بالناس فی رمضان بالمدینۃ عشرین رکعۃ ویوتر بثلاث"۔ (مصنف ابن ابی شیبہ جلد ۲ صفحہ ۱۶۳)

حضرت عبدالعزیز بن رفیع رحمۃ اللہ علیہ سے روایت ہے کہ حضرت ابی بن کعب مدینہ منورہ میں رمضان میں لوگوں کو بیس رکعت (تراویح) اور تین وتر پڑھایا کرتے تھے

⑤......قال محمد بن کعب القرظی کان الناس یصلون فی زمان عمر ابن الخطاب فی رمضان عشرین رکعۃ یطیلون فیها القراءۃ ویوترون بثلاث۔

(مختصر قیام اللیل وقیام رمضان جلد ا صفحہ ۲۲۰)

محمد بن کعب قرظی رحمۃ اللہ علیہ فرماتے ہیں کہ لوگ حضرت عمر بن خطاب رضی اللہ عنہ کے دور میں رمضان المبارک میں 20 رکعتیں (تراویح) پڑھتے تھے اور ان میں لمبی قرأت کرتے تھے اور تین وتر پڑھتے تھے۔

⑥......عن الحسن ان عمر ابن الخطاب رضی اللہ عنہ جمع الناس علی ابی بن کعب فکان یصلی لهم عشرین رکعۃ۔

حضرت حسن رضی اللہ عنہ سے روایت ہے کہ حضرت عمر رضی اللہ عنہ نے لوگوں کو حضرت ابی بن کعب رضی اللہ عنہ پر جمع کر دیا آپ (حضرت ابی بن کعب) ان (صحابہ) کو 20 رکعات پڑھاتے تھے۔ (جامع المسانید والسنن جلد ا صفحہ ۸۶، سیر اعلام النبلاء جلد ا صفحہ ۴۰۰)

⑦......حضرت ابی بن کعب رضی اللہ عنہ سے روایت ہے فرماتے ہیں:

ان عمر بن الخطاب امرہ ان یصلی باللیل فی رمضان......فصلی بهم عشرین رکعۃ۔

کہ حضرت عمر بن خطاب رضی اللہ عنہ نے انہیں (حضرت ابی بن کعب کو) حکم دیا کہ وہ رمضان میں رات میں لوگوں کو نماز (تراویح) پڑھایا کریں......پس آپ نے لوگوں کو بیس رکعتیں (تراویح) پڑھائیں)۔ (کنز العمال جلد ۸ صفحہ ۴۰۹، صلوٰۃ التراویح)

⑧......عن ابی الحسناء ان علیاً امر رجلا یصلی بهم فی رمضان عشرین رکعۃ۔ (مصنف ابن ابی شیبہ جلد ۲ صفحہ ۱۶۳)

حضرت ابو الحسناء سے روایت ہے کہ حضرت علی رضی اللہ عنہ نے ایک شخص کو حکم دیا کہ وہ لوگوں کو رمضان میں بیس رکعتیں (تراویح) پڑھائے۔

⑨......عن ابی عبدالرحمن السلمی عن علی قال دعا القراء فی رمضان فامر منهم رجلا یصلی بالناس عشرین رکعۃ قال وکان علی یوتر بهم۔

(السنن الکبریٰ جلد ۲ صفحہ ۶۹۹)

حضرت ابو عبدالرحمٰن سلمی سے روایت ہے کہ حضرت علی رضی اللہ عنہ رمضان میں قراء حضرات کو بلاتے اور ان میں سے کسی ایک شخص کو حکم دیتے کہ وہ لوگوں کو بیس رکعات پڑھائے اور حضرت علی ان کو وتر پڑھاتے۔

⑩......حدثنی زید بن علی عن ابیه عن جدہ عن علی رضی اللہ عنهم انه امر الذی یصلی بالناس صلاۃ القیام فی شهر رمضان ان یصلی بهم عشرین رکعۃ یسلم فی کل رکعتین ویراوح ما بین کل اربع رکعات فیرجع ذوالحاجۃ ویتوضا الرحیل"۔ (مسند امام زید صفحہ ۱۲۹)

امام زید اپنے والد علی (امام زین العابدین سے اور وہ اپنے والد (حضرت امام حسین رضی اللہ عنہ) سے اور وہ حضرت علی رضی اللہ عنہ سے روایت کرتے ہیں کہ حضرت علی رضی اللہ عنہ نے جس امام کو رمضان المبارک میں نماز (تراویح) پڑھانے کا حکم دیا اُسے فرمایا کہ وہ لوگوں کو بیس رکعت تراویح پڑھائے اور ہر دو رکعت پر سلام پھیرے اور ہر چار رکعت کے

Scanned by CamScanner

بعد آرام کا وقفہ یعنی ترویحہ کرے کہ حاجت والا اپنی حاجت سے فارغ ہو کر وضو کر لے۔

⑪......عن زید بن وھب قال کان عبداللہ بن مسعود یصلی بناء فی شھر رمضان وعلیہ یسل قال اعمش کان یصلی عشرین رکعةً ویوتر بثلاثٍ۔
(مختصر قیام اللیل جلد ا صفحہ ۲۲۱)

حضرت زید بن وھب سے روایت ہے فرمایا حضرت عبداللہ بن مسعود رضی اللہ عنہ ہمیں رمضان میں نماز پڑھاتے پس جب وہ فارغ ہوتے تو رات باقی ہوتی اعمش کہتے ہیں کہ وہ (حضرت عبداللہ بن مسعود) 20 رکعت (تراویح) اور تین وتر پڑھاتے۔

اجماع صحابہ اور مذہب جمہور 20 رکعت ہے:

علماء عظام نے 20 رکعت تراویح پر صحابہ کا اجماع نقل کیا ہے چنانچہ امام زبیدی فرماتے ہیں کہ حضرت عمر رضی اللہ عنہ کے زمانے میں (20 رکعت تراویح پر) جو اجماع ہوا اسی سے حضرت امام ابوحنیفہ، امام نووی، امام شافعی، امام احمد رحمہ اللہ اور جمہور نے (بیس رکعات تراویح) کا مسلک اخذ کیا ہے اور اسی کو امام ابن عبدالبر نے اختیار کیا ہے۔ (اتحاف السادۃ المتقین جلد ۳ صفحہ ۷۰۰)

اسی طرح امام ابن قدامہ حنبلی علیہ الرحمہ نے حضرت عمر اور حضرت علی رضی اللہ عنہما والی روایات ذکر کر کے اسے کالاجماع (اجماع کی طرح) قرار دیا ہے ملاحظہ ہو! المغنی جلد ۲ صفحہ ۱۶۷

امام ترمذی اپنی جامع ترمذی میں آقا علیہ الصلوٰۃ والسلام کی تین راتوں والی تراویح کی حدیث نقل فرمانے کے بعد فرماتے ہیں "واکثر اھل العلم علی ماروی عن عمر وعلی رضی اللہ عنھما وغیرھما من اصحاب النبی صلی اللہ علیہ وسلم عشرین رکعةً وھو قول الثوری وابن المبارک والشافعی وقال الشافعی وھکذا ادرکت ببلدنا بمکة یصلون عشرین رکعةً"۔

اکثر اہل علم کا مذہب 20 رکعت تراویح ہے جو کہ حضرت عمر اور حضرت علی رضی اللہ عنہما اور ان دو کے علاوہ دیگر اصحاب رسول سے مروی ہے اور یہی سفیان ثوری، عبداللہ ابن مبارک اور امام شافعی رحمہ اللہ تعالیٰ کا قول ہے اور امام شافعی فرماتے ہیں کہ میں نے اپنے شہر مکہ میں لوگوں کو بیس رکعت تراویح پڑھتے پایا۔ (جامع ترمذی جلد ۳ صفحہ ۱۶۹)

مندرجہ بالا روایات خصوصاً امام ترمذی کا شاندار فیصلہ اس بات کو واضح کرنے اور ثابت کرنے کے لئے کافی ہے کہ نبی علیہ السلام کے صحابہ علیہم الرضوان کا عمل بیس رکعت تراویح تھا اور یہی مذہب تابعین عظام کا ہے۔ (واللہ اعلم)

اب ہم ذیل میں چند دلائل تابعین عظام کے عمل کے حوالے سے نقل کرتے ہیں تا کہ حقیقت مزید آشکار ہو جائے۔

20 رکعت کا ثبوت تابعین عظام سے:

①......عبداللہ بن قیس سے روایت ہے کہ عن شتیر بن شکل: انہ کان یصلی فی رمضان عشرین رکعة والوتر۔ (مصنف ابن ابی شیبہ جلد ۲ صفحہ ۱۶۳)

حضرت شتیر بن شکل (شاگرد علی المرتضیٰ رضی اللہ عنہ) رمضان میں بیس رکعت (تراویح) اور وتر پڑھتے تھے۔

اس سے ملتی جلتی روایت السنن الکبریٰ کے اندر ہے جسے انہی حضرت شتیر بن شکل کا بیس رکعت تراویح کی امامت کروانا مذکور ہے۔

(ملاحظہ فرمایئے سنن الکبریٰ جلد ۲ صفحہ ۶۹۹)

②......عن ابی اسحق عن الحارث انہ کا؟ یوم الناس فی رمضان باللیل بعشرین رکعة ویوتر بثلاثٍ ویقنت قبل الرکوع۔

حضرت ابواسحاق سے روایت ہے کہ حضرت حارث رمضان کی راتوں میں

Scanned by CamScanner

بیان فرماتے ہیں کہ مذہبنا انہا عشرون رکعۃً بعشر تسلیماتٍ غیر الوتر وذٰلک خمس ترویحات والترویحۃ اربع رکعات بتسلیمتین ھذا مذہبنا وبہ قال ابوحنیفۃ واصحابہ واحمد وداؤد وغیرھم ونقلہ القاضی عیاض (مالکی) عن جمہور العلماء۔

ہمارا (شافعیوں کا) مذہب یہ ہے کہ تراویح کی وتروں کے علاوہ بیس رکعتیں ہیں دس سلاموں کے ساتھ اور یہ اس طرح کہ تراویح میں پانچ ترویحے ہیں اور ایک ترویحے میں چار رکعتیں ہیں دو سلاموں کے ساتھ، یہی ہمارا مذہب ہے اور یہی ابوحنیفہ رحمۃ اللہ علیہ ان کے اصحاب، امام احمد اور داؤد اور ان کے علاوہ کا مؤقف ہے اس کو قاضی عیاض مالکی رحمۃ اللہ علیہ نے جمہور علماء سے نقل کیا ہے۔ (شرح المہذب جلد ۴ صفحہ ۳۲)

③......مؤقف حنابلہ: ترجمان مذہب حنابلہ علامہ ابن قدامہ حنبلی کہتے ہیں "والمختار عند ابی عبداللہ رحمہ اللہ فیہا عشرون رکعۃً وبہذا قال الثوری وابوحنیفۃ والشافعی" (المغنی لابن قدامہ فصل الجماعۃ فی التراویح جلد ۲ صفحہ ۱۲۳)

ابوعبداللہ یعنی امام احمد بن حنبل کے نزدیک تراویح میں بیس رکعات ہیں، یہی سفیان ثوری، امام ابوحنیفہ اور امام شافعی کا مذہب ہے۔

④......مؤقف مالکیہ: علامہ ابن رشد مالکی علیہ الرحمہ فرماتے ہیں: واختلفوا فی المختار من عدد الرکعات التی یقوم بہا الناس فی رمضان: فاختار مالک فی احد قولیہ وابوحنیفۃ والشافعی واحمد وداؤد القیام بعشرین رکعۃ سوی الوتر وذکر ابن القاسم عن مالک انہ کان یستحسن ستًا وثلاثین رکعۃ والوتر ثلاث۔ (بدایۃ المجتہد ونہایۃ المقتصد جلد ۱ صفحہ ۲۱۹ باب نمبر ۵)

رمضان میں لوگ کتنی رکعات ادا کریں؟ اس بارے میں مختار قول میں علماء نے اختلاف کیا ہے امام مالک کے نزدیک ایک قول کے مطابق امام ابوحنیفہ، امام شافعی،

امام احمد، امام داؤد رحمہم اللہ نے وتر کے علاوہ بیس رکعات پڑھنے کو اختیار کیا ہے امام مالک کا دوسرا قول جو ابن قاسم نے امام مالک سے روایت کیا وہ یہ ہے کہ امام مالک رمضان میں 36 چھتیس رکعات اور تین وتر کو پسند فرماتے تھے۔

مندرجہ بالا حوالہ جات سے یہ بات ثابت ہوئی کہ تراویح کی رکعات کے بارے میں ائمہ اربعہ کا مؤقف 20 رکعت ہی ہے۔

اب ذیل میں ہم دیگر اکابرین علماء کے چند اقوال پیش کرتے ہیں تاکہ 20 رکعت تراویح کا ثبوت اظہر من الشمس ہو جائے۔

اقوال اکابرین اور 20 رکعت تراویح

①...... حجۃ الاسلام امام محمد بن محمد غزالی علیہ رحمۃ اللہ الوالی فرماتے ہیں:

"التراویح وھی عشرون رکعۃ وکیفیتہا مشہورۃ وسنۃ مؤکدۃ"۔

(احیاء العلوم جلد ۱ ص ۲۰۱)

نماز تراویح 20 رکعت ہیں جس کا طریقہ مشہور ہے اور یہ سنت مؤکدہ ہیں۔

②......غوث اعظم غوث الاغواث قطب ربانی شہباز لامکانی محبوب سبحانی الشیخ عبد القادر جیلانی علیہ الرحمہ آپ کی طرف منسوب کتاب غنیۃ الطالبین میں ہے:

"وصلوٰۃ التراویح سنۃ النبی صلی اللہ علیہ وسلم وھی عشرون رکعۃ"

نماز تراویح نبی علیہ الصلوٰۃ والسلام کی سنت ہے اور یہ 20 رکعتیں ہیں۔

(غنیۃ الطالیب جلد ۲ صفحہ ۱۵)

نوٹ: قارئین یہ جان کر آپ حیران ہو جائیں گے کہ غیر مقلدین کے مکتبہ سعودیہ سے غنیۃ الطالبین کا جو ایڈیشن شائع کیا گیا اس میں اس عبارت 20 رکعت کو بدل کر 8 کر دیا

Scanned by CamScanner

گیا۔ اس حرکت سے غیر مقلدین کے مذہب کی حقیقت کا پتہ چلتا ہے کہ

خود بدلتے نہیں کتابوں کو بدل دیتے ہیں ؎

③......حضرت شاہ ولی اللہ محدث دہلوی جن کو غیر مقلدین بھی اپنا امام مانتے ہیں وہ اپنی کتاب حجۃ اللہ البالغہ میں نمازِ تراویح کی رکعات کے بارے میں ارشاد فرماتے ہیں:

''وعددہ عشرون رکعۃً'' نمازِ تراویح کی رکعات کی تعداد بیس ہے۔

(حجۃ اللہ البالغہ جلد ۲ صفحہ ۱۸)

④......شیخ عبد الحق محدث دہلوی علیہ الرحمہ ارشاد فرماتے ہیں:

اور جو چیز صحابہ وتابعین اور ان کے بعد والوں سے ثابت و مشہور ہو چکی ہے وہ بیس 20 رکعتیں ہیں اور 23 رکعتوں والی جو روایت ہے وہ وتر کو تراویح کے ساتھ شمار کر کے ہے۔ (ماثبت بالسنۃ صفحہ ۳۶۴) (یعنی 20 تراویح، 3 وتر)

⑤......امام عبد الوہاب شعرانی فرماتے ہیں: ''ان صلوۃ التراویح شہر رمضان عشرون رکعۃً'' کہ رمضان میں تراویح 20 رکعت ہے۔ (میزان الکبریٰ للشعرانی ص ۱۴۸)

اکابرین امت کے چند ارشادات نقل کرنے کے بعد ہم ذیل میں غیر مقلدین کے اکابرین سے 20 رکعت تراویح کے بارے میں چند حوالے نقل کرتے ہیں۔

20 رکعت تراویح اور علمائے غیر مقلدین

①......غیر مقلدین کے شیخ الاسلام ابن تیمیہ کہتے ہیں: ''قد ثبت ان ابی ابن کعب کان یقوم بالناس عشرین رکعۃ فی رمضان ویوتر بثلاث ورأی کثیر من العلماء ان ذلک ہو السنۃ لانہ قام بین المہاجرین والانصار''۔

(فتاوی ابن تیمیہ جلد ۲۳ صفحہ ۱۱۲)

ابن تیمیہ صاحب کہتے ہیں کہ یہ بات ثابت ہے کہ حضرت ابی بن کعب رمضان میں لوگوں (یعنی صحابہ وتابعین) کو بیس رکعت تراویح اور تین وتر پڑھاتے تھے لہٰذا اکثر علماء نے اسے ہی سنت قرار دیا ہے، اس لیے کہ حضرت ابی بن کعب نے مہاجرین وانصار کی موجودگی میں بیس رکعت پڑھائیں تھیں اور اس پر کسی نے انکار نہیں کیا۔

فائدہ: ابن تیمیہ کی اس عبارت سے ظاہر ہوتا ہے کہ 20 رکعت تراویح پر صحابہ کا اجماع ہو چکا۔ ؎ مدعی لاکھ پہ بھاری ہے گواہی تیری

②......مولوی غلام رسول قلعوی غیر مقلد نے مولوی حسین بٹالوی غیر مقلد کے رد میں فارسی میں رسالہ تراویح لکھا اور ثابت کیا کہ 20 رکعتیں ہی حق ہیں اور آٹھ رکعتیں بدعت کی ایجاد ہیں۔ (دیکھئے رسالہ تراویح، از غلام رسول قلعوی غیر مقلد)

③......غیر مقلدین کا امام محمد بن عبد الوہاب نجدی لکھتا ہے: ''ان عمر رضی اللہ عنہ لما جمع الناس علی ابی ابن کعب کانت صلوٰتہم عشرین رکعۃً''۔

حضرت عمر رضی اللہ عنہ نے جب لوگوں کو حضرت ابی بن کعب کے پیچھے جمع کیا تو ان کی نماز 20 رکعت تھی۔ (فتاویٰ محمد بن عبد الوہاب نجدی صفحہ ۹۵)

④......غیر مقلد مولوی نواب وحید الزمان حیدر آبادی کہتے ہیں بیس رکعت تراویح خلفائے راشدین کی سنت ہے۔ (ترجمہ مؤطا امام مالک صفحہ ۹۶)

سعودی عرب میں بھی نماز تراویح 20 رکعت

غیر مقلدین عموماً عوام الناس کو پھسلانے کے لئے یہ شور مچاتے ہیں کہ دیکھو

Scanned by CamScanner

سعودیہ میں یہ نہیں ہوتا سعودیہ میں وہ نہیں ہوتا مگر مسئلہ تراویح پر غیر مقلدین حضرات سعودیہ کی مثال پیش نہیں کرتے اس لیے کہ حرمین شریفین میں ہمیشہ سے نماز تراویح 20 رکعت ہی ادا کی جاتی رہی ہیں اور اب بھی 20 رکعت ادا کی جاتی ہیں بلکہ سعودی مولویوں کی 20 رکعت تراویح کے ثبوت میں مستقل کتابیں موجود ہیں جیسا کہ مدرس مسجد نبوی عطیہ محمد سالم کا رسالہ "التراویح اکثر من الف عام فی مسجد النبی علیہ الصلوٰۃ والسلام" اسی طرح کئی اور سعودی مولویوں نے 20 رکعت تراویح کو اپنی کتب میں ثابت کیا ہے۔

قارئین باتمکین اب ہم اس رسالہ کے دوسرے حصے کو شروع کرتے ہیں جس میں غیر مقلدین کے استدلال اور ان کے جوابات بالاختصار آپ کی بارگاہ میں پیش کیے جائیں گے جس سے ان شاء اللہ عزوجل یہ واضح ہوگا کہ ان دلائل سے غیر مقلدین کا دعویٰ 8 رکعت تراویح ہرگز ہرگز ثابت نہیں ہوتا۔

For More Books Click On Ghulam Safdar Muhammadi Saifi

﴿حصہ دوم﴾

غیر مقلدین کے دلائل اور ان کے جوابات

غیر مقلدین عوام الناس پر اپنی دھاک بٹھانے کے لیے عموماً بخاری کی یہ حدیث پیش کرتے ہیں وہ حدیث اور اس کے جوابات ملاحظہ فرمائیے۔

حدیثِ بخاری: "عن ابی سلمة بن عبدالرحمن انه اخبره انه سأل عائشة رضی الله تعالٰی عنها کیف کانت صلوٰة رسول الله فی رمضان؟ فقالت ما کان رسول الله یزید فی رمضان ولا غیره علٰی احدٰی عشر رکعةً اربعاً فلا تسئل عن حسنهنّ و طولهن ثم یصلی اربعا فلا تسئل عن حسنهن وطولهن ثم یصلی ثلاثا"۔ (بخاری جلد ۱ صفحہ ۲۶۹ باب فضل من قام رمضان)

حضرت ابو سلمہ بن عبدالرحمٰن نے فرمایا کہ انہوں نے حضرت سیدہ عائشہ رضی اللہ عنہا سے پوچھا کہ بتائیے نبی کریم ﷺ کی نماز رمضان المبارک میں کس قدر ہوتی تھی تو حضرت سیدہ عائشہ رضی اللہ عنہا نے فرمایا کہ رسول اللہ ﷺ رمضان میں بھی اور رمضان کے علاوہ گیارہ رکعتوں سے زیادہ نہ پڑھتے تھے۔

پہلے چار رکعت ادا فرماتے ان کے طول اور حسن کا کیا کہنا پھر چار رکعت ادا فرماتے ان کے حسن وخوبی کا کیا کہنا ان کے بعد پھر تین رکعت (وتر) ادا فرماتے۔

قارئین اگر آپ اس روایت کو بنظر غایت پڑھیں تو یہ حقیقت واضح ہوجائے گی کہ اس روایت سے غیر مقلدین کا آٹھ تراویح کا استدلال کرنا بوجوہ کثیرہ باطل ہے۔

① ...... یہ نماز تہجد کی نماز تھی کیوں کہ حدیث کے الفاظ ہیں "ما کان رسول الله یزید فی رمضان ولا غیره"۔ "یعنی رسول اللہ ﷺ نہیں پڑھتے تھے گیارہ رکعتوں سے زیادہ رمضان میں اور غیر رمضان میں"۔

Scanned by CamScanner

تو یہ تراویح کی نماز نہیں ہوسکتی کیونکہ تراویح تو صرف رمضان میں پڑھی جاتی ہے۔

(۲)......اس حدیث میں وتر کی تین رکعتیں مذکور ہیں جبکہ غیر مقلدین ایک وتر پڑھنے کے قائل ہیں۔

(۳)...... یہ حدیث تہجد کی ہی حدیث ہے چنانچہ امام بخاری خود اس حدیث کو کتاب التہجد میں لائے ہیں۔ دیکھئے کتاب التہجد باب قیام النبی ﷺ فی رمضان وغیرہ۔

(۴)...... یہ حدیث اصلاً تہجد کی حدیث ہے جس کو غیر مقلدین خواہ مخواہ 8 رکعت تراویح کے لئے پیش کرتے ہیں چنانچہ شاہ عبدالعزیز دہلوی اس روایت کے بارے میں فرماتے ہیں: "آں روایت محمول بر نماز تہجد است کہ در رمضان وغیرہ یکسان بود" یہ روایت نماز تہجد پر محمول ہے جو رمضان میں بھی اور رمضان کے علاوہ برابر ہوتی تھی۔ (فتاویٰ عزیزی جلد ۱ صفحہ ۱۱۹)

(۵)...... یہ حدیث تہجد کی حدیث ہے کیونکہ اس میں چار چار رکعتیں پڑھنے کا ذکر ہے جبکہ تراویح تو دو دو رکعت کرکے پڑھی جاتی ہے جو کہ ائمہ اربعہ کا مذہب ہے اور خود غیر مقلدین بھی تراویح 2,2 رکعت کرکے ہی پڑھتے ہیں چنانچہ ثابت ہوا کہ یہ حدیث اصلاً تہجد کی حدیث ہے۔

(۶)...... یہ روایت مضطرب ہے یعنی اس میں اضطراب پایا جاتا ہے وہ اس طرح کہ اس حدیث کے راوی یہاں گیارہ رکعت روایت کرتے ہیں جبکہ مسلم کی روایت میں 13 رکعت کررہے ہیں۔

چنانچہ غیر مقلدین کا اس حدیث سے 8 رکعت تراویح کا استدلال کرنا بالکل غلط ہے۔

حدیث صحیح ابن خزیمہ سے استدلال اور جواب:

غیر مقلدین اپنے دعویٰ 8 رکعت کے ثبوت کے لئے صحیح ابن خزیمہ کی یہ

روایت پیش کرتے ہیں: عن جابر بن عبدالله صلى بنا رسول الله صلى الله عليه وسلم في شهر رمضان ثمان ركعات والوتر۔ (صحیح ابن خزیمہ جلد۲ صفحہ ۲۹۳)

حضرت جابر بن عبداللہ سے روایت ہے فرماتے ہیں کہ ہمیں رسول اللہ ﷺ نے رمضان میں آٹھ رکعات اور وتر کی نماز پڑھائی۔

(۱)...... صحیح ابن خزیمہ کی یہ روایت ساقط الاعتبار ہے کیونکہ اس میں رمضان میں ایک رات نماز پڑھانے کا ذکر ہے جبکہ صحاح کی روایت میں تین دن کا ذکر ہے۔

(۲)...... یہ روایت ضعیف اور ناقابل استدلال ہے کیونکہ اس کے راوی یعقوب قمی اور عیسیٰ بن جاریہ ہیں جو سخت ضعیف ہیں امام دارقطنی فرماتے ہیں: يعقوب القمي ليس بقوي یعقوب قمی قوی راوی نہیں۔ (تہذیب الکمال)

اور دیگر محققین اسماء الرجال نے ان راویوں پر شدید جرح کی ہے جیسا کہ امام نسائی نے الضعفاء والمتروکین میں عیسیٰ بن جاریہ کو منکر الحدیث کہا، امام ذہبی نے متروک الحدیث کہا، امام ابن حجر عسقلانی نے امام یحییٰ بن معین کے حوالے سے ذکر کیا کہ یہ منکر الحدیث ہے، امام دارقطنی نے یعقوب قمی کو ضعیف قرار دیا ملاحظہ ہو حاشیہ طبقات المحدثین جلد۲ صفحہ ۱۷۷۔

لہٰذا اس ضعیف روایت اور ساقط الاعتبار روایت سے 8 رکعت تراویح کا دعویٰ ہرگز ثابت نہیں ہوتا۔

مؤطا و سنن الکبریٰ کی روایت، استدلال کا جواب:

غیر مقلدین مؤطا و سنن الکبریٰ کے حوالے سے آٹھ رکعت تراویح کے لیے یہ روایت پیش کرتے ہیں۔

امام مالک نے محمد بن یوسف سے محمد بن یوسف نے سائب بن یزید سے

روایت کیا کہ حضرت عمر رضی اللہ عنہ نے حضرت ابی بن کعب اور حضرت تمیم داری کو حکم دیا کہ لوگوں کو گیارہ رکعتیں پڑھائیں۔

جواب: یہ روایت مضطرب ہے کیونکہ مؤطا میں سائب بن یزید سے 13 رکعت کی روایت جبکہ عبدالرزاق نے انہیں محمد بن یوسف سے 21 رکعت کی روایت کی ہے، کسی میں 8 کسی میں 13 کسی میں 21۔لہٰذا یہ روایت مضطرب اور نا قابل استدلال ہے۔

مختصر قیام اللیل کی روایت اور جواب:

غیر مقلدین اپنے دعوے کی دلیل کے لئے مختصر قیام اللیل کی یہ ضعیف روایت پیش کرتے ہیں کہ حضرت جابر فرماتے ہیں کہ حضرت ابی بن کعب رسول اللہ ﷺ کی بارگاہ میں حاضر ہوئے اور عرض کی یا رسول اللہ ﷺ میرے ساتھ ایک واقعہ پیش آیا نبی علیہ السلام نے پوچھا وہ کیا واقعہ ہے، عرض کی میرے گھر کی عورتوں نے مجھے کہا کہ ہم قرآن نہیں پڑھ سکتیں لہٰذا ہم آپ کے پیچھے نماز پڑھیں گی میں نے انہیں آٹھ رکعتیں اور وتر پڑھا دیئے حضور علیہ السلام یہ سن کر خاموش رہے اور یہ رضا کی دلیل ہے"۔

(مختصر قیام اللیل جلد ۱ صفحہ ۲۱۷)

جواب: یہ روایت ضعیف ہے کیونکہ اس کی سند میں محمد بن حمید یعقوب قمی اور یحیٰ بن جاریہ ہیں اور ان کو محدثین نے ضعیف، متروک الحدیث اور منکر الحدیث قرار دیا ہے جس کی وضاحت صحیح ابن خزیمہ کی روایت کے تحت گزر چکی۔

کیا تہجد اور تراویح ایک ہی چیز ہے؟

جب غیر مقلدین حضرات اہلسنت وجماعت (احناف) کے دلائل سے عاجز

آجاتے ہیں اور اپنا دعویٰ (8 رکعت تراویح) ثابت نہیں کر پاتے تو کہہ دیتے ہیں کہ تہجد اور تراویح ایک ہی چیز ہے جیسا کہ غیر مقلدین کے مناظر مولوی صادق سیالکوٹی نے صلوٰۃ الرسول کے اندر اور دیگر وہابی حضرات نے اپنی کتب کے اندر کہا ہے جبکہ درحقیقت تہجد اور تراویح الگ الگ نماز ہے۔

(۱)......تہجد کی مشروعیت قرآن سے ثابت ہے جیسا کہ ارشاد باری تعالیٰ: (ومن اللیل فتهجد به) جبکہ تراویح حدیث سے ثابت ہے تو جب غیر مقلدین حضرات یہ کہتے ہیں کہ تہجد اور تراویح ایک ہی چیز ہے تو پھر غیر مقلدین کو یہ دعویٰ کرنا چاہئے کہ تراویح قرآن سے ثابت ہے لیکن غیر مقلدین یہ دعویٰ نہیں کریں گے اور نہ ہی ان کے اکابرین میں سے کسی نے یہ دعویٰ کیا کہ تراویح قرآن سے ثابت ہے۔ ماحاصل یہ ہے کہ تہجد کا قرآن سے ثابت ہونا اور تراویح کا حدیث سے ثابت ہونا ہی ثابت کرتا ہے کہ تہجد اور چیز ہے اور تراویح اور چیز ہے۔

(۲)......یہ کیسے ہوسکتا ہے کہ ایک نماز کو پورا سال تہجد کے نام سے پکارا جائے اور رمضان میں اُسی کو تراویح کہا جائے غیر مقلدین بھی 8 رکعت پڑھ کے یہ کہتے ہیں کہ ہم نے تراویح پڑھی ہے اگر تہجد اور تراویح ایک ہی چیز ہے تو غیر مقلدین یہ کہہ دیا کریں کہ ہم نے عشاء کے بعد تہجد پڑھی ہے۔

(۳)......اگر قیام اللیل (تہجد) اور تراویح ایک ہی چیز ہے تو تہجد تو نبی علیہ الصلوٰۃ والسلام نے 4,6,10,8 رکعت بھی تو پڑھی ہے تو غیر مقلدین 8 رکعت ہی تراویح کیوں پڑھتے ہیں 8 بھی پڑھا کریں اور 10 بھی پڑھا کریں اور کبھی 4 اور کبھی 6 پڑھ لیا کریں۔

(۴)......غیر مقلدین کے بقول تہجد اور تراویح ایک ہی چیز ہے تو جب تہجد نہ پڑھنے والے پر گناہ نہیں یعنی چاہے تو پڑھے چاہے نہ پڑھے تو کیا تراویح میں بھی یہ جائز ہوگا کہ چاہے تو پڑھے اور چاہے تو نہ پڑھے؟

Scanned by CamScanner

⑤.....اگر تراویح اور تہجد ایک ہی چیز ہوتی تو محدثین اور علماء عظام کبھی بھی تہجد کے لئے علیحدہ علیحدہ باب بندی نہ کرتے محدثین کا تہجد کے لیئے علیحدہ باب قائم کرنا اور قیام رمضان یعنی تراویح کے لئے علیحدہ باب قائم کرنا ہی واضح کرتا ہے کہ تہجد اور چیز ہے اور تراویح اور چیز ہے۔جیسا کہ امام بخاری نے کتاب التہجد علیحدہ کتاب اور کتاب التراویح علیحدہ کتاب کی صورت میں قائم کی اور خود غیر مقلدین بھی اپنی کتب میں تہجد کے لئے علیحدہ اور تراویح کے لیے علیحدہ عنوان قائم کرتے ہیں اگر یہ ایک چیز ہو تو علیحدہ علیحدہ باب باندھنا چہ معنی دارد؟۔

⑥.....تہجد اخیر شب میں پڑھی جاتی ہے اور تراویح اول رات میں یعنی عشاء کے بعد تو جب غیر مقلدین کے نزدیک تہجد اور تراویح ایک ہی چیز ہے تو وہابی حضرات غیر رمضان میں تہجد عشاء کے بعد پڑھ کر سو جایا کریں اور رمضان میں تراویح اخیر شب میں پڑھ لیا کریں کیونکہ ان کے نزدیک تہجد اور تراویح ایک ہی چیز ہے۔

اس کے علاوہ اس ضمن میں بہت کچھ کہا جا سکتا ہے تاہم یہ ثابت ہے کہ تہجد اور تراویح علیحدہ علیحدہ نماز ہے اور غیر مقلدین کا تہجد اور تراویح کو ایک کہنا محض دھوکہ ہے۔

احباب عموماً غیر مقلدین حضرات جب کسی موضوع پر عامۃ الناس سے بحث و مباحثہ کرتے ہیں تو کہتے ہیں ہمیں فلاں چیز بخاری سے دکھاؤ حالانکہ ان کا یہ اصول بھی غلط ہے، غیر مقلدین کا بات بات پر بخاری سے ثبوت مانگنا کیسا جبکہ حضرات غیر مقلدین تقلید کو شرک و بدعت سے تعبیر کرتے ہیں اور امام بخاری خود مقلد تھے تو غیر مقلدین امام بخاری کا حوالہ کس منہ سے طلب کرتے ہیں۔

امام بخاری مقلد تھے:

آج غیر مقلدین ہم (مقلدین) پر شرک و بدعت کے فتوے لگاتے ہیں اور

کہتے ہیں کہ تقلید حرام ہے مقلد بدعتی ہے، مشرک ہے وغیرہ وغیرہ جبکہ یہ حضرات بات بات پر جس بخاری کا مطالبہ کرتے ہیں اس کے مؤلف امام ابو عبداللہ محمد بن اسماعیل بخاری (امام بخاری) خود مقلد تھے۔ابو عاصم عبادی، امام تاج الدین سبکی، شاہ ولی اللہ محدث دہلوی اور غیر مقلدین کے امام صدیق حسن بھوپالی ان حضرات نے امام بخاری کو شافعی قرار دیا جبکہ ابی یعلی اور ابن تیمیہ وغیرہ نے امام بخاری کو حنبلی المذہب قرار دیا بہر صورت یہ ثابت ہوتا کہ امام بخاری مقلد تھے چنانچہ

علامہ تاج الدین سبکی علیہ الرحمہ فرماتے ہیں: ”ذکر ابوعاصم العبادی اباعبدالله فی کتابه الطبقات وقال سمع من الزعفرانی وابی ثور والکرابیسی قلت وتفقه علی الحمیدی و کلهم من اصحاب الشافعی“۔

ابو عاصم عبادی نے امام بخاری کا تذکرہ اپنی کتاب ”الطبقات“ میں کیا اور فرمایا کہ امام بخاری نے زعفرانی، ابو ثور اور کرابیسی کے سماع حدیث کیا ہے میں کہتا ہوں (یعنی امام سبکی فرماتے ہیں) کہ امام بخاری نے حمیدی سے فقہ حاصل کی تھی اور یہ سب کے سب شافعی تھے۔(طبقات الشافعیہ الکبریٰ جلد ۲ صفحہ ۲۱۴)

اسی طرح شاہ ولی اللہ محدث دہلوی رحمۃ اللہ علیہ فرماتے ہیں: رحمۃ اللہ علیہ

”ومن هذا القبیل محمد بن اسماعیل البخاری فانه معدود من الشافعیة ومن ذکره فی طبقات الشافعیة الشیخ تاج الدین السبکی“۔

اور اسی قبیل (مقلدین شافعیہ) سے امام بخاری بھی ہیں وہ بھی طبقات شافعیہ میں شمار ہوتے ہیں اور جن حضرات نے انہیں یعنی امام بخاری کو طبقات الشافعیہ میں شمار کیا ہے ان میں سے الشیخ تاج الدین سبکی بھی ہیں۔(الانصاف مترجم صفحہ ٦٧)

Scanned by CamScanner

غیر مقلدین کے امام نواب صدیق حسن بھوپالی اپنی کتاب ابجد العلوم میں ائمہ احناف کا تذکرہ کرنے کے بعد ائمہ شوافع کا ذکر کرتے ہوئے کہتے ہیں:

’’فلنذکر نبذة من ائمه الشافعية ليكون الكتاب كامل الطرفين حائز الشرفين،وهوه لاء ضفان احدهما من تشرف بصحبة الامام الشافعي والآخر من ثلاهم من الائمة ام الاول فمنهم احمد خالد الخلال......واما الضف الثاني فمنهم محمد بن ادريس ابوحاتم الرازي ومحمد بن اسماعيل البخاري‘‘۔

’’پس ہم کچھ ائمہ شافعیہ کا ذکر کرتے ہیں تاکہ ہماری کتاب دونوں طرف سے کامل اور دونوں شرفوں کی جامع ہوجائے ائمہ شافعیہ کی دو قسمیں ہیں ایک وہ جنہوں نے امام شافعی علیہ الرحمہ کی صحبت کا شرف حاصل کیا ہے اور دوسرے وہ جو اصحاب امام شافعی کے نقش قدم پر چلے پہلی قسم کے ائمہ شافعیہ یہ ہیں مثلاً: احمد خالد الخلال اور بہر حال جو دوسری قسم کے ائمہ شوافع ہیں تو ان میں محمد بن ادریس ابوحاتم رازی اور محمد بن اسماعیل بخاری (امام بخاری) ہیں۔(ابجد العلوم جلد۳ صفحہ۱۲۶)

اور ممدوح غیر مقلدین ابن تیمیہ اور ابن قیم نے امام بخاری علیہ الرحمہ کو حنبلی المذہب قرار دیا ہے۔ چنانچہ ابن تیمیہ لکھتے ہیں:

’’وائمة الحديث كالبخاري ومسلم والترمذي والنسائي وغيرهم هم ايضاً من اتباعهما وممن ياخذ العلم والفقه عنهما‘‘۔

اور ائمہ حدیث مثلاً: امام بخاری، امام مسلم، ترمذی، نسائی وغیرہ بھی امام احمد بن حنبل اور اسحاق بن راہویہ کے متبعین میں سے ہیں اور ان حضرات میں سے ہیں جنہوں نے ان سے علم حدیث وفقہ حاصل کیا ہے۔(فتاویٰ ابن تیمیہ جلد۲۵ صفحہ۲۳۲)

اور ابن تیمیہ کے تلمیذ (شاگرد) ابن قیم جوزی کہتے ہیں:

’’كذلك البخاري ومسلم وابوداؤد والاثرم،وهذه الطبقة من اصحاب احمد اتبع له من المقلدين المحض المنتبين اليه‘‘۔

اسی طرح امام بخاری، مسلم اور داؤد اور امام اثرم علیہم الرحمہ ہیں یہ طبقہ حضرت امام احمد بن حنبلی علیہ الرحمہ کے اصحاب میں سے ہیں اور ان مقلدین محض سے کہیں بڑھ کر امام احمد کی اتباع کرنے والے ہیں جو امام احمد بن حنبل کی طرف اپنی نسبت کرتے ہیں۔(اعلام الموقعین جلد۲ صفحہ۲۲۳)

لہٰذا مندرجہ بالا حوالہ جات سے ثابت ہوا کہ امام بخاری علیہ الرحمہ مقلد تھے۔

اب ذیل میں ملاحظہ فرمایئے کہ غیر مقلدین صحیح بخاری وامام بخاری سے کیا سلوک روا رکھتے ہیں:

بخاری شریف کے متعلق غیر مقلدین کا رویہ:

مشہور صحافی اختر کاشمیری اپنے سفر نامہ ایران میں ایک ایسی تقریب کا ذکر کرتے ہیں جو ایران میں منعقد کی گئی اور شیعہ وسنی حضرات ووہابی حضرات کے درمیان اختلاف کو کیسے مٹایا جائے یہ اُس تقریب کا مقصود تھا چنانچہ لکھتے ہیں:

’’اس سیشن کے آخری مقرر گوجرانوالہ کے اہل حدیث عالم مولانا بشیر الرحمٰن مستحسن تھے......فرمانے لگے:’’اب تک جو کچھ کہا گیا ہے وہ قابل قدر ضرور ہے قابل عمل نہیں اختلاف ختم کرنا ضروری ہے مگر اختلاف ختم کرنے کے لیے اسباب اختلاف کو مٹانا ہوگا فریقین کی جو کتب قابل اعتراض ہیں ان کی موجودگی اختلاف کی بھٹی کو تیز

Scanned by CamScanner

کررہی ہے کیوں نہ ہم ان اسباب کو ہی ختم کردیں۔اگر آپ صدق دل سے اتحاد چاہتے ہیں تو ان تمام روایات کو جلانا ہوگا جو ایک دوسرے کی دل آزاری کا سبب ہیں ہم بخاری کو آگ میں ڈالتے ہیں آپ اصول کافی کو نذر آتش کریں آپ اپنی فقہ صاف کریں ہم اپنی فقہ صاف کردینگے۔(آتش کدہ ایران صفحہ ۱۰۹)

غیر مقلدین کے بقول بخاری میں موضوع روایت:

وہابیوں کے سرخیل حکیم فیض عالم کہتے ہیں:''ایک طرف بخاری کی 9 سال والی روایت ہے اور دوسری طرف اتنے قوی شواہد وحقائق ہیں اس سے صاف نظر آتا ہے کہ نو سال والی روایت ایک موضوع قول ہے'' (یعنی یہ من گھڑت روایت ہے ہے)۔

(صدیقہ کائنات صفحہ ۸۰)

اختصار مانع ہے وگرنہ ہم وہابی اکابرین کے اور حوالے پیش کرتے جن میں انہوں نے بخاری کے متعلق اپنے مسلکی خیالات کا اظہار کیا ہے۔اب ذیل میں ہم چند وہ حوالے آپ کے سامنے رکھتے ہیں جن میں وہابی علماء نے کئی مسائل پر بخاری کے حوالے دیئے کہ یہ روایت بخاری میں ہے مگر درحقیقت ان روایات کا بخاری شریف میں نام ونشان تک نہیں مثلاً: غیر مقلدین کے مفتی ابو البرکات احمد کہتے ہیں:

صحیح بخاری میں آنحضرت کی حدیث ہے کہ تین رکعت کے ساتھ وتر نہ پڑھو مغرب کے ساتھ مشابہت ہوگی۔(فتاویٰ برکاتیہ صفحہ ۴۴)

جبکہ یہ حدیث بخاری میں نہیں، اگر ہے تو غیر مقلدین حضرات تکلف فرما کر یہ حدیث بخاری سے دکھادیں مگر

؎ نہ خنجر اٹھے گا نہ تلوار ان سے

یہ بازو میرے آزمائے ہوئے ہیں

اور غیر مقلدین کے شیخ الحدیث مولوی اسماعیل سلفی نے اپنی کتاب ''رسول اکرم کی نماز'' میں چار جگہوں پر رفع یدین کی حدیث درج کی اور بخاری کا حوالہ دیا۔جبکہ بخاری میں تین جگہوں پر رفع یدین والی حدیث ہے اور وہابیوں کے حکیم صادق سیالکوٹی نے تو اپنی کتاب ''صلوٰۃ الرسول'' میں بخاری کی طرف کئی حوالوں کا غلط انتساب کیا اور حد پار کردی۔

حکیم صاحب نے تسبیحات رکوع میں ایک تسبیح ''سبحان ذی الجبروت والملکوت والکبریاء والعظمۃ'' درج کی اور بخاری کا حوالہ دیا جبکہ یہ روایت بخاری میں نہیں۔

اسی طرح اذان کا طریقہ بتاتے ہوئے لکھتے ہیں: حی علی الصلوٰۃ کہتے وقت دائیں طرف مڑیں اور حی علی الفلاح کہتے وقت بائیں طرف مڑیں اور ولا یَدُرْ اور گھومیں نہیں یعنی دائیں اور بائیں طرف گردن موڑیں گھوم نہیں جانا چاہیئے۔(بخاری ومسلم)

لیکن یہ حدیث نہ تو بخاری میں نہ مسلم میں۔

اسی طرح فتاویٰ علمائے حدیث میں غیر مقلد مولوی صاحب لکھتے ہیں:

رکوع کے بعد قنوت پڑھنا مستحب ہے بخاری شریف میں رکوع کے بعد ہے۔(فتاویٰ علمائے حدیث جلد ۳ صفحہ ۲۰۶)

کیا غیر مقلد حضرات زحمت گوارا کریں گے کہ رکوع کے بعد قنوت پڑھنے کی روایت بخاری سے دکھادیں۔حکیم صاحب اپنی کتاب سبیل الرسول میں کہتے ہیں:

حالانکہ حضور نے یہ بھی صاف صاف فرمایا ہے:''افضل الاعمال الصلوٰۃ

Scanned by CamScanner

فی اول وقتھا'' افضل عمل نماز کو اس کے اول وقت میں پڑھنا ہے'' اور بخاری کا حوالہ دیا جبکہ یہ روایت بخاری میں کہیں نہیں۔

وہابیوں کے شیخ الکل فی الکل ثناء اللہ امرتسری صاحب کہتے ہیں:

''سینہ پر ہاتھ باندھنے اور رفع یدین کرنے کی روایات بخاری و مسلم اور ان کی شروحات میں بکثرت ہیں''۔(فتاویٰ ثنائیہ جلد1 صفحہ ۴۴۳)

کیا کوئی غیر مقلد ثناء اللہ امرتسری کے اس دعوے کو پورا کرنے کی سکت رکھتا ہے کہ کوئی ایک حدیث، ایک روایت سینے پر ہاتھ باندھنے کی بخاری و مسلم سے دکھا دیں۔

غیر مقلدین کے خطیب العصر مولوی حبیب الرحمٰن یزدانی ایک بیان کے دوران یہ گل فشانی کرتے ہیں کہ امام بخاری نے بخاری شریف میں باب باندھا ہے، ''المسح علی الجوربین'' جرابوں پر مسح کرنا۔(خطبات شہید اسلام جلد1 صفحہ ۱۳۴)

حالانکہ یہ باب بخاری شریف میں نہیں ہے اور مولوی صاحب کا امام بخاری پر یہ افتراء ہے۔

احباب اس طرح کی کئی مثالیں آپ کے سامنے پیش کی جاسکتی ہیں کہ جن میں غیر مقلدین نے کذب بیانی سے کام لیا ہے۔

کتب حدیث تو کتب حدیث رہ گئیں یہ لوگ (غیر مقلد) قرآن میں بھی تحریف کرنے سے باز نہ رہے (شیعوں کی طرح) حکیم صادق سیالکوٹی جن کا تذکرہ بخاری کے حوالے سے پہلے ہو چکا ہے، یہی حکیم صاحب اپنی کتاب اعجاز حدیث میں نبی علیہ السلام کے علم غیب کا انکار کرتے ہوئے کہتے ہیں:

خدا حضور کی زبان سے کہلواتا ہے ''قل لا اعلم الغیب'' اے پیغمبر اپنی امت کو سنادے کہ میں غیب نہیں جانتا (اعجاز حدیث صفحہ ۱۵۳، از صادق سیالکوٹی)

پھر اسی کتاب اعجاز حدیث کے اگلے صفحہ پر کہتے ہیں قرآن کہتا ہے'' قل لا اعلم الغیب'''' کہہ دے میں غیب نہیں جانتا''۔(اعجاز حدیث صفحہ ۱۵۴)

یہیں پر بس نہیں بلکہ صفحہ ۱۵۵ پر پھر یہ خود ساختہ آیت پیش کرتے ہیں کہ قرآن نے صاف کہہ دیا ''قل لا اعلم الغیب'''' کہہ دے میں غیب نہیں جانتا''

(اعجاز حدیث صفحہ ۱۵۵)

ان حرکتوں سے عامل بالقرآن والسنۃ کہلوانے والے غیر مقلدین کے مذہب کا اندازہ لگائیے جو اپنے مذموم مقاصد کی تکمیل کے لئے قرآن میں خود ساختہ آیت کا بھی اضافہ کرنے سے باز نہیں رہتے اور قرآن میں معنوی تحریف یعنی مفہوم کو بدلنا یہ تو ان حضرات کا من پسند مشغلہ ہے کیونکہ دن رات مسلمانوں کو مشرک ثابت کرنے کیلئے یہ حضرات بتوں اور کافروں والی آیات پڑھ کر انبیاء کی توہین اور اہلسنّت کو مشرک قرار دینے کا شوق پورا کرتے ہیں۔

حضرت عبداللہ ابن عمر نے کیا خوب ارشاد فرمایا تھا آپ ﷺ کا جو ارشاد مبارک بخاری شریف میں ہے کہ ''حضرت عبداللہ ابن عمران خارجیوں کو اللہ کی بدترین مخلوق سمجھتے تھے کیونکہ انہوں (خارجیوں) نے کافروں و بتوں کے بارے میں نازل ہونے والی آیات مسلمانوں پر چسپاں کردیں۔(بخاری شریف کتاب)

قارئین باتمکین 20 رکعت تراویح کے تحت پچھلے صفحات میں حضور شیخ عبدالقادر جیلانی علیہ الرحمہ کی طرف منسوب کتاب غنیۃ الطالبین میں بھی ان غیر مقلدین کی تحریف کا بیان گزر چکا ہے کہ انہوں نے 20 رکعت کی بجائے 8 رکعت کردیا۔ اور اس طرح کی سینکڑوں مثالیں پیش کی جاسکتی ہیں کہ یہ لوگ قرآن وحدیث

Scanned by CamScanner

میں لفظی و معنوی تحریف سے باز نہیں آتے گویا کہ

خود بدلتے نہیں کتابوں کو بدل دیتے ہیں

خالق کائنات عزوجل کی بارگاہ میں التجا ہے کہ اللہ رب العزت ہمیں ان فتنوں سے بچا کر مسلک حقہ اہلسنت وجماعت پہ جینا مرنا نصیب فرمائے۔

آمین بجاہ النبی الامین

از: خاک پائے علمائے اہلسنت

ابو معاویہ محمد نعمان رضوی

0322-5209049

For More Books Click On Ghulam Safdar Muhammadi Saifi

Scanned by CamScanner